بسم اللہ الرحمن الرحیم

## درس:۱۹

## غنّہ

ImamSadiq.tv ImamSadiq.tv ImamSadiq.tv

- خیشوم: ناک کا خالی حصہ (ناک کی ہڈی)
- خیشوم پانچ مخارج حروف کا حصہ ہے لیکن یہ کسی خاص حرف کا الگ سے مخرج نہیں بنتا۔
  - مثال کے طور پر جس طرح جوف دہن حروف مدّہ کا مخرج ہے لیکن حروف مدّہ حروف تہجی میں شامل نہیں ہیں۔
- غنہ کی تعریف:
  - ناک سے نکلنے والی خاص آواز جو [م] اور [ن] کو ادا کرتے وقت نکلتی ہے اسے غنہ کہتے ہیں۔
  - حرف [م] کا مخرج شفتین ہے اور حرف [ن] کا مخرج لسان ہے لیکن ان دو حروف کو خیشوم سے ادا کرتے وقت خاص صدا نکلتی ہے جسکو غُنّہ کہتے ہیں۔ غنّہ کا تلفظ: آنْ — آمْ

ImamSadiq.tv ImamSadiq.tv ImamSadiq.tv

- غنہ کی پہچان:

۱) ناک سے خاص آواز کا تھر تھراہٹ کے ساتھ نکلنا۔

۲) اگر ناک بند کرلی جائے تو آواز منقطع ہو جائے گی۔

- سوال: خیشوم سے کوئی حرف ادا نہیں ہوتا تو پھر اسکو مخارج میں کیوں قرار دیا گیا ہے؟

جواب: اگرچہ خیشوم سے کوئی حرف ادا نہیں ہوتا لیکن حرف [م] اور حرف [ن] کی خاص صفت یعنی غنّہ کا سبب بنتا ہے۔

- کیا حرف [م] اور [ن] میں ہر حالت میں غنہ کی صفت موجود ہے؟

ہر حالت میں حرف [م] اور [ن] میں صفت غنہ پائی جاتی ہے۔

ImamSadiq.tv ImamSadiq.tv ImamSadiq.tv

- دو مقامات پر غنہ کی آواز کو دو ضرب کے برابر کھینچا جائے گا:

۱) جس کلمہ میں حرف [م] اور [ن] مشدد ہوں۔ اَنَّ—اِنَّ-اَمَّ

۲) اخفاء